ای دل بغم حسین خون شو
الحمد لله که رساله منظوم در ذکر شهادت حسنین اعنی
طومار غم
تصنیف مولوی عبد الحی صاحب خلف مولوی الٰہی بخش صاحب
در مطبع اختر ہند سہارنپور طبع شد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پہلی اے خامہ تو لکھہ حمد خداوند جہان — صفت پاک ہی جسکی کہ رحیم و رحمان
ہوتی ہی نغمہ سرای صفت ذات و صفات — جس طرح بلبل روح دل خاطف ہر آن

کس سی ہو حمد خدای لایزال — ہی مبرا جو کہ از وہم و خیال
حمد ہو کب اوس خدای پاک کی — کل ہی جسکی ہاتھہ ہفت افلاک کی
دیکھہ فخر انبیا ہی در ثنا — کچھہ نہ بولی ما عرفنا کی سوا
ہمکو پھر دعوی یہ اس تحمید مین — ہرگز آتا ہی نہین فہمید مین
نا مناسب ہی جو ہو چھوٹا دہن — بولنا اتنا برا ابرہکر سخن
حمد ناممکن ہی عقل و فہم سی — کیونکہ ہی باہر گمان و وہم سی
حمد کی اوسکی نہین ہی انتہا — چھوٹو سا کیت پڑہ کی لا احصی ثنا
انس و جن سی کیسکی تا کرے بیان — سر بجیب اس جا ہی ہر ایک گویان

اوسنی کن کہتی پلک مین یکسر
کن سی اس مخلوق کو جلوہ دیا
اور سجایا آپ یہ کہتی ہی کن
اور ذیل اوسکی کو از صنع صفا
اور بنایا ایسا قصر آسمان
صاف ہی جون روی آئینہ بہ نور
اور دی زینت اوسی ای پاک جبر
اور دیا آنکہون مین یہ نور نظر
اور دی اوسنی ہمین عقل و خرد
اور دی اسواسطی ہمکو زبان
اور ہمکو یون دئی یہ دست و پا
اور ہزارون نعمتین کین مین عطا
ہمچو خاک و نار و آب و ابر و باد
سمجہو تو اوسکی یہ ہین کس کام کی
ایسی ایسی اوسنی کی صنعتگری
پاک ہی وہ خالق جن و بشر
پاک ہی ہر چیز سی وہ پاکذات

کر دئی پیدا جبال و بحر و بر
اور کئی پیدا یہ سب یہ ارض و سما
فرش خاکی اوسنی بیربیت ...
کوہ کی اوتا دسی محکم کیا
ہی بہرا جو کہ از نقص و زیان
از شقوق و از قصور دار فتو
از مصابیح و نجوم و ماہ و مہ
تا کہ دیکہین اپنا ہم نفع و ضرر
تا کہ سمجہین فرق ہم در نیک و بد
تا بجا شکر اوسکا لادین ہر زمان
ہون کسیکی ہم نہین محتاج ...
شکر ہو وی ہم سی کس کس کا اد
روز و شب شام و سحر بندہ گشت
ہین ہماری صرف یہ ہوام سے
کون ہی ماری جو لاف ہمسری
جسنی یہ روشن کئی شمس و قمر
جسنی دی احمد کو خوبی و صفات

دی مجھی شیرین زبانی ای خدا — تا میں ہوون مصروف نعت مصطفا

داس فکر میں دے نعت کی گل ای رضوان
بلبل باغ صفا کی کرون سر پیر قربان

ای قلم لکھہ نعت ذات مصطفا — جس سی ہی حاصل ہو تجھی اصفا

ہو نہیں وصف اوس رسول پاک کا — رتبہ جسنی پایا ہی لولاک کا

رکھتی ہی کب اسقدر یارا زبان — ہو وی جو خیر البشر کی مدح خوان

سب سی پہلی ابتدا میں ور وجود — ہین محمد مصطفی یار ودود

انتہا ہی حق نی اونپر کر دیا — پھر نہ ہوتا حشر کوئی انبیا کا

خلق مین تہا بس وجود مصطفا — معدن الطاف وجود ہم سخا

کیونکہ ہے وہ بہتروں کا بہترین — ذات اوسکی رحمۃ للعالمین

گو بظاہر تہا وہ فخر انبیا — امی پر علم لدنی تہا پڑہا

معجزی لاکھون کئی ہین خاک پر — رمز اذنی اوسکی ہی شق القمر

گر نہ ہوتا اوسکا دنیا مین وجود — ہوتی کب دونون جہانکی پہر نمود

وہ محمد ہی گل گلزار حق — رکہتا ہے باب رسالت مین سبق

ہی محمد بلبل بستان پاک — ہی محمد طوطی رضوان پاک

ہی محمد باعث ایجاد و کون — ہی محمد افتخار ہر دو کون

ہی محمد سرور دنیا و دین — ہی محمد رحمۃ للعالمین

ہی محمدؐ صادق مرآت جان ‏ ‏ ہی محمدؐ فتح بخش انس و جان
ہی محمدؐ آفتاب دو جہان ‏ ‏ ہی محمدؐ نور افزا لامکان
ہی محمدؐ سرور کون و مکان ‏ ‏ ہی محمدؐ شافع ہر انس و جان
ہی محمدؐ مصدر انوار حق ‏ ‏ ہی محمدؐ مہبط اسرار حق
ہی محمدؐ خواجہ طہٰ لقب ‏ ‏ ہی محمدؐ خیر و یسین نسب
ہی محمد بادشاہ دوسرا ‏ ‏ جو منافی ہے وہ مردود خدا
ہی محمدؐ شافع روز جزا ‏ ‏ اوسکا کہنا جان فرمود خدا
ہووی گر ہر مو میرا تن پہ زبان ‏ ‏ ہو محمدؐ مصطفی کا مدح خوان
پہر بہی وصف اوسکا سر ہو نہین ‏ ‏ تا بروز حشر خالق بالیقین
صبح سے تا شام الخاطف مدام ‏ ‏ بہیجتا رہ اوسپہ صلوات و سلام
اور اوسکی آل اور اصحاب پر ‏ ‏ ہر گہڑی ہر آن ہر شام و سحر
بالخصوص اونپر کہ جو ہین چار یار ‏ ‏ ہو در رو رحمت پروردگار
چار رکن دین ہین بوبکر و عمر ‏ ‏ اور عثمان و علی باکر و فر
رتبہ وہ صدیق کا ہے سن فزا ‏ ‏ ثانی اثنین اوسی حق نی کہا
اور سراج اہل جنت ہی عمر ‏ ‏ بہاگی ہے شیطان از ظل عمر
اور ہین عثمان رفیق مصطفا ‏ ‏ جنت اعلی مین با صدق و صفا
اور علی مرتضی شوی بتول ‏ ‏ با حسنین وہ بہشت رسول

سبب نظم رقم کرنا مناسب ہی تجہی
خاطفا تاکہ نہ رہجای کسی پر پنہان

طالبان سر اخبار اب ذرا — بات خاطف کی سنو تم دل لگا

ایکمدت سی مجہی تہی آرزو — ترجمہ تحریر کا ہو ہو بہو

نوکری وہ شبر و شبیر کا — کار آمد ہی جوان و پیر کا

دل کی دل مین رہی حسرت بہری — پر نہ اتنی ایکدن فرصت ملی

جب ملی فرصت نہ مجکو ایکدم — کی خرد سی مصلحت تب ہو بہم

یہ کہا پیر خرد نی مجسی ہان — ہی کہان دنیا مین فرصت کا نشان

کر رہیگا طالب وقت فراغ — گل رہیگا مقصد دل کا چراغ

نظم کر اوسکو خدا کی نام سی — کام ہی کیا تجکو صبح و شام سی

ترجمہ ہو جای اردو مین تمام — ہو نگی مطلب یاب ساری خاص عام

مصلحت پر اوسکی بس از چشم و سر — مین نی باندہی چست ہمت کی کمر

بحر علم اس شاعری کا ہے بڑا — قافیہ ہی تنگ یان ہر ایک کا

شعر گوئی کا نہین مجکو شعور — جو نہو وی نظم مین میری قصور

جانتی ہین مجکو سب شاعر نہین — اور علم شعر سی ماہر نہین

پر جو ماہر ہین فن اشعار کی — عرض ہے یہ اونکی خدمت مین بہی

دیکہین جس جا پر کہین سہو و خطا — او سپہ ڈہانکین دامن عفو و عطا

اور نہ کھولین طعن کی بجہہ زبان — دی جزا اسکی وہ رب دو جہان

قصہ کوتاہ اب مین از نام خدا — نظم اوسکا کرتا ہون دلکو لگا

گرچہ آتا ہے نظر یہ سخت کام — پر ہوا سہل لطف حق بالمرام

فضل باری ہی اگر تائید ہے — ہوگی حل مشکل تمامی جلد تر

اسکا گر پوچھی کوئی سال رقم — یہ جو ہی منظومہ ایک طومار غم

کہدی دیکہہ از غایت زاری شتاب — ہی غم ابن حیدر کی کتاب

اور جو پوچھی نام میرا کہہ سنا — عبد الحق بیٹا الہی بخش کا

اور وہ ہی قاضی جلال الدین کا — اور بیٹا خواجہ احمد کا برا

اور وہ ہی عاقل کا وہ ابن عمر — مولوی ہیکن کا وہ ہیگا پسر

اور جو موطن ہی کوئی پوچھی مرا — لی مظفر کو نگر سے وہ ملا

بعد از حمد خدا ہم سبب نظم کتاب ہی مناجات وہ مالیس بجناب ایزد

ای خدا ای کارساز دو جہان — ہر کسی کا ہی تو ہی امن و امان

ای خدا ای کارساز دوسرا — ہر کسی کا ہے تو ہی حاجت روا

جبکہ ہو دائم ترا لطف عمیم — ہو وہی دم مین لائق خز نعیم

تو اگر لیوی نہ بندہ کی خبر — کون ہو پہر اوسکا یارب راہبر

ہر کوئی کیا مفلس و دو تاج ہی — تیری ہے درگاہ کا محتاج ہے

لطف سی تیری ابھی ہی ایجادا ۔ ہے تری درگاہ مین یہ التجا
تیری الطاف وکرم سی ایکدم ۔ التجا رکہتا ہے یہ عبد اثیم
یہ جو ہی منظومہ طبع زا میرا ۔ کر اسی مقبول عالم ایجادا
از طفیل مصطفا وال او ۔ ہم صحابہ صاحب اقبال او
ہمین آل مصطفا سی ای ودود ۔ دی دکہا تو راہ مقصد مجکو زود
ہین تری الطاف بیحد یا الہ ۔ ہر طرح کی رکہتا تو دستگاہ
ہین فقط کیا اور عالم سب بہم ۔ ہون بنا کر اپنا موی تن قلم
اور بنا دین کل سمندر کی مداد ۔ ہون بیان کب لطف تیری بالمراد
ہی ترا ہر ایک احسان بی بدل ۔ اور ترا انعام فیض لم یزل
فضل کا تری جو ہے لاانحصار ۔ رہن ہی ہر ایک ای پروردگار
ہی کسی طاقت کری نعمت شمار ۔ اس جگہ ہی ہر کوئی بی اختیار
یعنی توفی ہمکو ای جل وعلا ۔ امت احمد مین ہی پیدا کیا
جسکا یہ رتبہ ہے ای پروردگار ۔ روبرو تری نہین جسکا شمار
نور احمد کو تو جب بی کیف کم ۔ اوس سے عرش وکرسی ولوح قلم
لایا کتمان عدم سے در وجود ۔ خامہ از حکم تو ای رب ودود
پہلی نبیون کی تمام امت کا حال ۔ یون لگا کہنی بہ توضیح فعال
امت آدم سے جو کوئی سدا ۔ عمر بہر پوچیگا ذات کبریا

امت ادھم سے جو کوئی سنا | عمر بھر پوچھیگا ذات کبریا
ہوگا جنت کا تمام اور بے عیب | ورنہ ہوگا داخل نار عیب
رفتہ رفتہ یون بتقدیر صبح | نوبت آئی تا بھوسی و تسبیح
آئی نوبت امت احمد کی جب | ہو قلم آمادہ تحریر تب
لکھتے لکھتے پہونچا بس ناخن تجھے | تو فی فرمایا قلم کو تھم جا
کر ادب اسکا تو اے خامہ ادب | جو کہون کر اونکو شمر سراب

امت بدنیتہ و رب غفور

گر ہے امت بدنیتہ اور پر قصور | مین بھی ہون اونکی لئی رب غفور
سنتی ہی خامہ خطا پر کبریا | ہو گیا شق اور لکھنی سے رکا
اور وہین سو سال تک کانپا کیا | دست قدرت سے پھر اوسپین قط لگا
تو فی جو فرمایا وہ سب ہی ادا | یکبیک لکھا قلم فی سر جھکا
گو ہی مجرم امت خیر الورا | نیک بخشش کا اونہین ہے صلا
بخشدونگا سبکو اور دونگا جنان | اور ہونگا اونسی راضی بیگمان
کس زبان سے شکر ہو تیرا ادا | ایسی سرور کی ہمین امت کیا
ہی ہمین زیبا کرین گر فخر و ناز | ہی جہان عرش پر اللہ بی نیاز
اور رہا ہی ہمین حشر کا کیا | پیشوا ہو جب محمد مصطفا
یون تو ہی یکسان ہر اک آقا و قوم | ہین خاص ہم رحمت خلاق کیا

ہے وہ رحمت کیا وجود مصطفا | اور ہو ذات فخر الانبیا
جسکی قدمون سی ہوا فخر فلک | کفش بردار اوسکی ہین انس و ملک
ہے سزاوار خطاب پاک کی | کون غیر اوس صاحب لولاک کی

یہان سی آغاز ہی اوصاف کمال رسول
مین وجعن آتی ہین کل شرح ہی درسالۂ بیان

عوض ختم سلسلہ جو ہوی حسنین تمہید | اوسکی تخصیص کی تمہید کا ہوتا ہے بیان
ای سمند خامہ چل اس آن مین | حال خیر الخلق کی میدان مین
شہسوار طبع پہونچی تا بغور | منزل مقصود کو با چشم غور
ہو گی تو افگندہ سم مت بیٹھ پست | ہو بہ تحریر بیان چالاک و چست
خلق احمد سمٰا تو ہو کر تیز گام | عرصہ وصف نبی مین کر خرام
مت تو رانو نہین ابہی سی دم دبا | باد صرصر کو روانی دی دکہا
کر تو اوصاف نبی محترم | صفحہ قرطاس کی اوپر رقم
ہو گی رفتار یہین از بس تیز تک | دی تو پہنچا منزل مقصود تک
یعنی لکہہ حالات ذات مصطفا | ہو نہ جاتی گفتگو جسمین ذرا

اعلم رحمک اللہ تعالی ان الکمالات التی تفرقت
فی الانبیا علیہم السلام قد اجتمعت فی نبینا صلعم

پھر حدیث وارد ہوئی ہے یہ خبر　　کہتی ہین یون راویان خوش سِیَر
انبیا مین تھی جو خوبی و کمال　　تھی وہ سب ختم رسل مین خوش خصال
یعنی جو جو منتشر تھی خوبیان　　انبیا و سابقین مین بی گمان
جمع ہین وہ سب بذات مصطفا　　اور اون سی بھی زیادہ ایولا

فقد اعطی الخلافة کما اعطی آدم وداود علیہما السلام واعطی الملک کما اعطی سلیمان علیہ السلام واعطی الحسن کما اعطی یوسف علیہ السلام واعطی الخلة کما اعطی ابراھیم علیہ السلام واعطی الکلام کما اعطی موسی علیہ السلام واعطی العبادة کما اعطی یونس علیہ السلام واعطی الشکر کما اعطی نوح علیہ السلام

جس طرح دی آدم و داؤد کو　　دی خلافت ویسی اوس محمود کو
تھی نیابت سی یہان حق کی مراد　　تا کہ دی امر و نواہی سبکو یاد
اور ملا جیسی سلیمان کو ملا　　ملک و تخت و دولت و تاج و لوا
اور ملا یوسف کا سا حسن و جمال　　بلکہ اوس سی بھی زیادہ بی مثال
اور خلت جیسی ابراہیم کو　　دی خدا نی مصطفی کو ہو بہو

اور ہوا حضرت سی خالق ہمکلام
حضرت موسی سے جیسے باکرام

اور یونس کی طرح عابد تمام
نوح کی مانند شاکر بالدوام

تھے ملقب نائب رحمان سے گر
آدم و داؤد ہر سو مشتہر

ہی محمد یا رسول اللہ یہاں
ہیں بجا بہر زبان انس و جان

تخت جو بلقیس کا بی شک ویو
لانا درگاہ سلیمان میں تہا دیو

آپ کو بہی یہ خطاب حق ہوا
باب زینب میں کہ زوجنا کہا

دیکہکر یوسف کا گر حسن و جمال
ہو زنان مصر کی آشفتہ حال

ہر کسی نے کاٹے تھے بے آلام و رنج
ہاتھ اپنے اپنے تہے جا ترنج

یہاں بہی مردان عرب نے باوقار
من رانی قد رای الحق دیکھا یار

اسکے یہ معنی ہیں بتلاوں سمجھے
حق کو دیکھا جس نے بس دیکھا مجھے

اور لباس خلت ابراہیم کو
زیب تن حق نے کیا تہا دیکھے جو

آپکو محبوبیت کی دی قبا
جس کا شہرہ ایکعالم میں ہوا

گر کلام حق سنا بر کوہ طور
حضرت موسی نے کانوں سے دور

حضرت خیر البشر نے عرش پر
حق کو دیکھا قرب سے از چشم سر

ایک پلک جھپنے میں ساتوں آسمان
طی کئے خیر الوری نے بیگمان

جسکو ہوں ساتوں بہشتیں زیب پا
کب کسی کو اسقدر رتبہ ملا

ہے مگر یہ رتبہ خیر الانام
جسکے باعث یہ ہوا عالم تمام

شہرہ یونس کا عبادت میں تھا گر
نوحی گرشتکلبین ای جان نثار
آفتاب مشرق ملک قدم
صاحب لولاک و سر لاینزال
تاجدار کشور دنیا و دین
حسن اور شکلین مشکو ہین
ملک رکھتی ہین زیادہ ان سی بہا
افتخار اولین و آخرین
عشق فیضان قت کبریا
اور سب انبیا کی اوصاف ہ
اشتراک دیگران تھا ناگوار
اور ان سی پر کر دی حقیقی کمال
تا ہو ظاہر افضلیت آپکی
اور ہو حاصل سبھون ہی اتیاز

یہان ہی فانصب رتبہ خیر البشر
تختہ دنیا پہ پایا اشتہار
مہر ہیچ باعث ہست و عدم
شہسوار عرصہ جود و کمال
یعنی احمد رحمت للعالمین
نور فوق النور و فوق لسو ہین
باعث ہست و عدم خیر النبی
تاجدار کشور ملک یقین
اصل عالم افتخار انبیا
تھا یہ در ذات حبیب کبریا
حق نی کر مخصوص اپنا باوقار
اور اوصاف و جمال بی مثال
اور منور اشرفیت آپکی
اور ہو مخصوص خاص بی نیاز

وقد زیدت لہ کمالات اخرمن انواع الولایات
والمحبوبیۃ المطلقۃ والاصطفاء المطلق والرؤیۃ
والقرب الاتم والشفاعۃ العظمی

والجہاد مع اعداء اللہ الی غیر ذلک
من الکمالات کالعلم الوسیع والعرفان
الاتم والقضاء والفتیا والاجتہاد والاحتساب
والقراءۃ وغیرہا

بلکہ ان سے بھی زیادہ تھی کمال
جیسے محبوبیت و قرب اتم
اور قبولی ہر طرح کی باصفا
اور ولایت اور قضا و اجتہاد
اور عرفان اتم علم وسیع
اور سوا اسکے کمالات دگر
اور ولایت ہی عبارت اس سے جان
اور قرب و منزلت نزد خدا
یہ تصرف عام اور قرب تمام
شرح جسکی صفحہ دارین پیر
اور یہی باعث ہی جو افضل کہا
کیونکہ اسمین ہی تقرب با خدا

اور در ذات حبیب لایزال
اور تصرف ہر طرح کی بااہم
اور شفاعت اور دیدار خدا
اور با عداء خدا کرنا جہاد
احتساب و قراءہ و فتوی رفیع
حد سے باہر رکھتی تھی خیر البشر
ہو تصرف دو جہان مین بیگمان
ہو تمامی با وقار و اعتلا
منقسم قسم عدیدہ پر ہی عام
ہو نہین سکتی رقم سب نزد ہم
اس ولایت کو نبوت سے ولا
اور ہیم راز و نیاز کبریا

خلق کی مشاہدہ اوسمین شغل و شب روز
اور محبوبیت اس سی ہی مثال
ظاہر و باطن مین ہو محبوب حق
اور تمامی دین و دنیا کی امور
ہو وہی مطلوب اور مقصود خدا
اور مراد اس اصطفا سی ہی یہی
اور عبارت ہی یہ رویت سی کی
اور ہی قرب اتم تفسیر قاب
پہونچی نزدیک خدا تا آن مکان
کیا ہی تا ب ظاہر فہم و خیال
وہان نہین ملکوتیون کی ہی مجال
سن شفاعت کی تو تفسیر مبین
جملہ پیغمبر با میہد نجات
آہین پیش افتخار انبیا
سب کی شافع آپ ہونگی تمام
اور بہا و از دشمنان کبریا
اور کوئی از انبیاء سابقین

تا کہ پہونچا پاکر ست احکام رب
جملہ اعمال و فعال و قول و حال
اور ہو وے ہر طرح محبوب حق
بلکہ خود بہی سر سے پا تک بی قصور
اور مقرب اور محمود خدا
ہو وے مقبول تمامی کام کی
دیکہا حضرت نی خدا کو آنکہہ سی
بلکہ اس سی ہی زیاد عالیجناب
جلتی ہین جبریل کی ہی پر جہان
جو کرے پرواز وہان تک سنت بال
اسمین ہی ناسیتون کی کیا مجال
امتی بولین شفیع المذنبین
اور تمام مومنین اہل عصات
تا شفاعت کو اوتہین خیر الورا
ہو نہ دم زن کوئی جز خیر الانام
ذات حضرت سی ہی مختص بریا
قابل اسکی بس ہوا مطلق نہین

انتہا ہی یہ شجاعت کا کمال
چاہتی تھی راہ حق مین جان و تن
رکھتی تھی علم وسیع یہ آپ تھے
حال عرفان اتم کا بیگمان
جسقدر ہووے تقرب بیشتر
تھا جب اوس جاتلک قرب اتم
پس ہی عرفان اتم ہی بیگمان
عاجز آتی جس سی عقل دوربین
اور قضا رفع قضایا سی سخن
دونون جانب سی حق و باطل ہین عیان
رکھتا تھا گر دین پہ تسلیم و رضا
اور سب تھا اون عقل ہی بیشتر
نوربخش دیدہ ہای ناظران
اور رکھتی ہین کسی سن اجتہاد
انتظار وحی کی پیچھے رسول
فضل دیکہ عقل کو کرتے عمل
ایسے ہی ہی ہر جزئیات ہان

شاہد اسپر ہی نبی کا خود مقال
زندہ ہو ہو کر فدا پہر جان کرین
پہلے اور پچہلون سے واقف علم کی
بیشی قرب اتم سے ہے عیان
معرفت ہو وی فزونتر اوسقدر
کنہ مین کمرتی سی جسکی عقل رم
اوسقدر جسکا نہ ہو ادراک ہان
اور حواس و ہوش نازک نکتہ بین
ہی بیر از صلح و صفائی جانکن
فیصلہ کی وقت ہر یک بیگمان
غیر آمنا و صدقنا نہ تھا
از احادیث و کتبہای سیر
ہادی ہم قاضیان و مفتیان
ہے یہ وحی باطنی سی بس مراد
در امور لابدی غیر از عدول
بہر رفع نقص و جبران خلل
اجتہاد مجتہدین زمان

احتساب اس سی عبارت ہی توجان
یعنی ابواب حدود وہم قصاص
اور کمال قرأت قران سے
اور وجوہ اختلاف قاریان
ہی عیان تقریر سی اور آشکار
ان کمالون کی سوا تہی اور بہی
پس ازانجملہ کمالات لطیف
وہ ہین پیچہی پشت سی خیر الانام
اور شب تاریک مین دنکی مثال
یہ دلیل اسپر ہی روشن اور ضیا
کارفرمایان قدرت نی دلی
جسم کو انوار مطلق سی بہرا
قوت بینائی خیر البشر
سجدہ طیبہ کی ہنگام بنا
سمت قبلہ کو کیا سجدہ ہا بطور
اور جو ہی عقد ثریا ای نگار
پس تماشی کی ہی قابل یہ مقام

محتسب اعمالہای بندگان
اور جنایات اور تعزیرات خاص
مشتمل بر صورت تجوید سے ہی
کلمات و حرف مین قرأت کی ہان
قاریان سبعہ سی تفصیل وار
تعبیہ در ذات آن خیر النبی
ہی تعلق جنکا با جسم شریف
دیکہتی تہی مثل پیش رو تمام
اور قریب و دور کا بہی ایک حال
تہا مجسم روح جسم مصطفاؐ
شیشہ ارواح سی ترکیب دی
پیش و پس اسواسطے تہا ایکسا
تیز تر اور دور بین تہی اسقدر
دیکہہ کر ازچشم خود کعبہ کی جا
دیکہہ حضرت کی بصارت کا یہ طور
گیارہ ین تاری اوسکی کرتی ہی شمار
کہ نگاہ ذات آن سجدہ نظام

واقفی حق نہین تہی دو ... ین
پہونچتی تہی جس جگہ تک بالیقین

کار اپنا کرتی تہی مطلق تمام
تہی سراپا نور آن خیر الانام

اور سماعت کا بہی رکہتی تہی کمال
کرتا ہون اوسکا مفصل ذکر حال

ایک دن تہا مجمع ارکان دین
جلوہ فرما اوسمین تہی سلطان دین

یہ کیا ارشاد اوسنے ناگہان
دیکہکر حضرت نی سوی آسمان

آسمانونکی ہوی دروازہ وا
پہونچی کانون تک میری اوسکی صدا

آونسی بس کروبیان ستر ہزار
سورہ انعام کی ہمراہ اسکار

آسمان سی آتی ہین سوی زمین
جو مین کہتا ہون کرو تم سب یقین

قوت شنوائی اور بینائی تہی
خاص مختص ذات آن خیر النبی

کہ نہین ہی دوسریکو وہ نصیب
کیون نہوتی خاص حق کی وہ حبیب

اور ازانجملہ جو ہین دیگر کمال
ہی دہن کا وہ لعاب بی مثال

کس زبان سی مین کرون وصف لعاب
ہو نہ ہین خامہ کی ہمراہ آتا ہی آب

روز خیبر در چشم مرتضا
تطلیہ سی اوسکی اچہا ہو گیا

اور امام ثانی از بارہ امام
تہی جو از ذریت خیر الانام

اونکی دفع تشنگی کا سن بیان
اتفاقاً جو سی حضرت کی زبان

برکت سی اوسکی بس سیراب ہو
دیکہا دن بہر پہر روی آب کو

اور بروز عشرہ در کربلا
کود کان اہل بیت مصطفا

یہہی موتی معجزہ کی لا کلام
لاتی سنگ تجربہ مین تہی دوام

ایسی تہی حلویت آب دہان
جسکی آگی شہد کی تہی پست شان

قطرہ آب دہن حضرت نی بس
دور کی شوریت چاہ انس کہ

برکت سی آب مونہہ کی ایکبار
ہوگیا آب اوسکا شیرین السی گوار

معجزات آپکی ہوتی ہین جمع اسجا بہ قلم
خامہ ہو لنہ پنا سب اعجاز ہوا سرگردان

کہتی ہین یون راویان باکیاز
معجزون کا ایک دفتر ہی دراز

اسقدر ہین معجزات مصطفا
حصر کرنا اونکا ہے امکان کیا

ہوتا ہی پر بعض کا اونسی بیان
ایک قرآن اونسی ہی معجز نشان

جسکی کوئی ایک سورۃ نہ ہار
لا نہین سکتا مقابل ایکبار

اس مین اخبار گذشتہ ہین ۔ قسم
اور آیندہ کی خبرین اوسمین ضم

دوسرا ہی شق [illegible] مصطفا
علم و ایمان سی [illegible] ہا

اور ماہ الجلد وہ ہی خیر البشر
آئی جب معراج سی باکروفر

حال تب بیت المقدس کا سبہی
اور قصہ جو کہ تہا اسری کا ہی

قوم سی ظاہر کیا جب کم وکاست
کافرون نی پر نسمجہا اوسکو راست

وقت استفسار حضرت نی دیا
جو کہ پوچہا اون نشانونکا پتا

کیونکہ کی حضرت پہ ظاہر حق نی ان
صورت بیت المقدس کو عیان

اور ازانجملہ وہ ہی اکثر قریش
مجتمع اسپر ہوی کیہی ہلاک
لانی جب تشریف وہان خیر البشر
اوسپہ پہری ہونہہ اونکی سینونکی طرف
سر پہ اونکی ہو کہری ایکمشت خاک
ایک وہ روز حنین ایکمشت بہر
روبرو ہی سب نی لی راہ فرار
ایک وہ کہوین چہپی خیر الورا
اوسپہ آبیضہ کبوتر نی دئی
اور ہو جاوی یقین اسبات پر
ایک وہ جسدم سراقہ نی در آ
پسن ہین سخت مین ایکبارگی
ایک وہ حضرت نی پہیرا اپنا ہاتہہ
وہ نگزرا ہو گئی وہ شیر دار
ایسی ہی بز ام معبد نی دیا
ایک وہ خیر الورا نی دی دعا
پہ کہ دی اسلام کو عزت خدا

عہد باندہ اپنا بہ یکدگر قریش
سرورِ عالم کو تا ہو قصہ پاک
پہر گئی سوی زمین سبکی نظر
آگئی پہر آئی رسول ذی شرف
ڈالی اونپر ہو گئی ساری ہلاک
خاک ڈالی روی اعدا کی اوپر
پہر رہا قائم نہ کوئی زینہار
ہونہہ پر اوسکی جالا مکڑی نی تنا
تا نہ شک کفار کو باقی رہی
کہ نہین اس غار مین کوئی بشر
وقت ہجرت آپکا پیچہا کیا
دہس گئی پا اوسکی گہوڑی تہی
پشت پر بزغالہ کی پہیرا اوسکی ہاتہہ
نر نہین گزرا تہا اوسپر زینہار
شیر دہ جب تک نہین تہی مطلقا
حضرت فاروق کو بر اقتدا
اوسکی باعث ویسا ہی واقع ہوا

اون سبہون سی ایک یہ ہی کی دعا
دفع کردی اونکی آنکہونسی خدا
ڈالا اپنی سونہہ کا آنکہونمین لعاب
پہرنہ درد چشم اونہا تا حیات
ایک وہ چشم قتادہ ہو کی آب
آپ نی آنکہہ اوسکی رکہی اوسکی جا
ایک اونسی وہ دعادی ای نکو
فقہ اور تاویل قران دی خدا
ایک وہ کی سرور دین نی دعا
برکت حق نی عطا کی اسقدر
تہی نہایت کم کیا اونسی ادا
ور شیران وسق خرما بچ رہے
ایک وہ خیر البشر نی دی دعا
سب سی پیچہی چلتا تہا وقت خرام
ایک وہ حق انس مین کی دعا
طول ہو عمر انس ای ذو الجلال
بس خدانی کی عطا ای بیکران

سرور دین نی بحق مرتضا
گرمی و سردی جو ہو عیب از شفا
درد آنکہون کا ہوا اچہا شتاب
پائی درد چشم سی کلی نجات
زخم کہا رخسار پہ آئی شتاب
اور آنکہون سی بہی وہ پر ضیا
ابن عباس اعنی عبد اللہ کو
حق نی ایسا ہی کیا رتبہ عطا
دی برنا جابر کی خرما ای خدا
بڑہ گئی حد سی زیادہ وہ ثمر
حق غنیمون کا تماشا ہی بے ریا
صاع اوسکی ساتہہ سو اسی ہوی
اونٹ جابر کی لئی ہو تیز پا
پہر لگا رکہنی وہ برکت سب کام
حضرت خیر الورا نی ای دلا
اور ہوی کثرت اولاد و مال
بڑہ گئی اولاد و مال و عمرہا

ایک وہ ہی حق سی استسقا کیا
وقع باران کی لئی کی پہر دعا
ایک وہ ہی عتبہ کو کی بد دعا
ایک وہ فرمایا اعرابی کو آ
بولی شاہد ہی کوئی بولی کہان
پہر بولایا اوس شجر کو آیا پیش
تین باری دی گواہی ہٹ گیا
ایک وہ ہی جب ایسا ہو گئی
ایک وہ حضرت انس کو یون کہا
تم ہو آپس مین فراہم پس ہوئی
یون انس سی پہر کہا کہدو ا بہی
جب ایا وہین ساری ہٹ گئی
ایک وہ ہی سوتی تہی خیر البشر
آپ کی آگی کہڑا آکر ہوا
یہ شجر تہا وہ سنو تم کان دہر
اون نبیکی آیا از رب انام
ایک وہ سنگ و شجر بولی سلام

سینہ برابر سات دن بہر سا گیا
ابر فوراً آسمان سی ہٹ گیا ہہ
شیر نی پہاڑ اوسکو زور ابین لیا
پہر رہ اسلام تا پاوی خدا
یہ شجر دیگا گواہی اس زمان
اور شہادت چاہی بی کم اوبیش
اپنی جا پر جس جگہہ تہا وہ کہڑا
دو شجر آپس مین باہم پہر جڑی
کہدو خدا کی درختون سی یہ جا
جبکہ حاجت سی فراغت پا چکی
جاوین اپنی اپنی جا پر ہٹ سبہی
پہلی تہی جس جس جگہہ پہر جا لگی
پہر تا آیا زمین کو ایک شجر
ہو کی بیدار آپ نی سب سی کہا
میری زیارت کا یہ خواہان بسر
ہو گیا بس بہیجکر مجکو سلام
وقت بعثت آپ پر با احترام

ایک وہ بولی رسول را ہیبر
جس حجر نے بھیجا تھا مجھپر سلام
اور ازانجملہ وہ ہی ای خوش لقا
اوس ستون نے گریہ وزاری کیا
ایک وہ تسبیح درِ دست نبی
ایسی ہی تسبیح بولا تھا طعام
ایک وہ ہی لحم زہر ین سم ملا
لحم زہر بولا کہ یا خیر البشر
ایک وہ پیش رسول خوشخرام
اپنی مالک کا کیا شکوہ عیان
کہانا کم دیتا ہے مجکو یا رسول
ایک وہ ہی مادہ آہو سے آ
یہ کہ حضرت دو چہوڑا مجکو کہ تا
پس وہ یا حضرت نے چہوڑا اوسکی تئین
ایک وہ دن بدر کی دی یون خبر
اور مارا جا فلان اسجا ہی پسر
ایک وہ ہی دی خبر ای پاک کیش

کہ مین پہچانتا ہون وہ حجر
پہلی اوس سی ہون مین مبعوث انام
جبکہ حضرت کی لئی منبر بنا
وقت خطبہ جو تہا تکیہ آپکا
سنگریزون نے کہی سبحان حق
معجزون سی ہی یہ حضرت کی تمام
لائی کافر پیش ختم الانبیا
کہا نہ مت مجہہ مین سم کا ہی اثر
اونٹ نے آکر بہ عز و احترام
مجکو پہونچاتا ہی تکلیف و زیان
کام لیتا ہے بہت سا بوالفضول
عرض کی پیش رسول مجتبا
اپنی دو بچونکو مین دون شیر جا
بولی وہ کلمہ شہادت کا وہین
کشتہ ہوا اسجا فلان کافر بتر
پس نہ آیا فرق اسمین موکی سر
ایک بلا سخت آئیگی عثمان کو پیش

پس ہوا ویساہی جو فرمایا تہا
اور انا نجیلہ وہی ای پاک خو
میری پیچہی تمکو پیش آوی زمان
پس اسی صورت ہوا واقع تمام
ایک وہ حق حسن مین یون کہا
اور ہی نزدیک دی اوسکی سبب
پس ہوا ویساہی واقع بیگمان
ایک وہی دی خبر احباب سی
یعنی اوس شب قتل حسینؓ ہوا
نام قاتل سی بہی دی اوسکی خبر
ایک وہی ثابت ابن قیس کو
زندگانی یہ کہی اوسحال مین
اور قتل اوسوقت ہو جب ہو شہید
ایک وہ دی یہ خبر مرتد ہوا
کچہہ اذان پہونچی یہ حضرتکو خبر
یون لگی فرمانی با اصحاب دین
دفن پس کرتی تہی اوسکو بار بار
اوس بلا مین قتل عثمان کا ہوا
آپ نی فرمایا تہا انصار کو
تسمیہ دین اور ونکو ترجیح بیگمان
معویہ کی وقت مین ای نیکنام
یہ مرا بیٹا ہی سید بے ریا
دو گروہ مومنین مین صلح رب
کچہہ نہ فرق اوسمین ہوا ہرگز عیان
قتل اسود عنسی کذاب سے
باوجود اسکی کہ وہ صنعا مین تہا
آپکو اوس جا سے آتا تہا نظر
آپنی فرمایا تہا یہ اسی ملکو
ہوسکتو وہ خصلت و افعال مین
پس ہوا ارونسیا مہ وہ شقی
ایک مرد اور مشرکون مین ملگیا
مرگیا وہ شخص تب خیر البشر
اوسکو بیوی کی سہن ہرگز زمین
اور زمین باہر اوسی پہینکی تہی خوار

ایک وہ ایک شخص کھاتا تھا طعام ۔ دست چپ سے دیکھ کر خیر الانام
بولے دست راست سے تو کھا ہمیش ۔ وہ بہانہ سے یہ لایا عذر پیش
مجکو دست راست کی طاقت نہین ۔ آپنے فرمایا ہو ویگا پھر نہین
پھر ہوئی اوسکو نہ طاقت بعد ازان ۔ اپنے سینہ سے ہاتھ کی سوی دہان
ایک وہ داخل ہوئی خیر الانام ۔ روز فتح مکہ در مسجد حرام
گرد کعبہ کی معلق تھی بتان ۔ ہاتھ مین لکڑی ایک [illegible]
پس اشارہ اوس سے کرتی تھی تمام ۔ اور جاء الحق زبان پر تھا کلام
آخرش وہی بت تمامی گر پڑی ۔ اپنی جا پر پھر وہی قائم رہا
اور از انجملہ وہ ہی مازن کا حال ۔ حاصل اوسکا یہ ہی ای نیک خصال
جوف بت سے یہ کلام اوسنی سنا ۔ شہر ہوا اور اور نبی پیدا ہوا

یا مازن اسمع تسر ظہر خیر و بطن شر بعث نبی من مضر بدین
الله الاکبر فدع نحیتا من حجر تسلم من حر سقر

پھر سنا اقبل ابی کا کلام ۔ یہ کہ ہے ہذا نبی خیر الانام

اقبل ابی واقبل تسمع یا للجہل ہذا نبی مرسل اوحی
منزل فامن بہ کی تعدل من حر نار تشتعل وقودہا بالجندل

پس کیا اس بات نے اوسکو اثر ۔ کفر چھوڑ آیا رہ اسلام پر
اور از انجملہ تو سن ای پاک فکر ۔ ہے سواد ابن قارب کا وہ ذکر

حاصل اس قصه کا یه هی بیگمان
جنی دیتی تهی خبر اوسکو تمام
این تاریکوا وسی جن کی خبر
اتباع دین آنحضرت مین آ
ایک وه هی شاهدانه سوسمار
اوسکا یون قصه هی لایا سوسمار
اوتهی تهی هوی خیر الانام
اوسنی پوچها کون هی یه خبر
هوکی نزدیک رسول ذوالجلال
کهیه ایمان لاوی تو مین بهی ابهی
پس ندا کی اوسکو حضرت نی پکار
اوس سی پهر حضرت نی پوچها کی بتا
بولا رب العالمین کو یا رسول
جسنی کی تصدیق تیری بی ریا
جسنی جهتلایا تجهی اوی پاکزاد
لایا وه اسلام اعرابی دو هین
کهتی هین اعرابی از روی شمار

تها وه کاهن جاهلیت مین عیان
حادثه مستقبل سی ع بالدوام
دی سی شب از بعثت خیر البشر
معتقد هوکر مسلمان هو گیا
بولا حضرت کی نبوت پیر پکار
ایک اعرابی کوئی کر کی شکار
اور گرد اگرد اصحاب کرام
بولی سب هین حضرت خیر البشر
بولا وه یون سوسمار اوسدم لگا
بی ایا ایمان لی آون ابهی
صدق سی لبیک بولا سوسمار
کسکو کرتا هی عبادت بی ریا
پوچها پهر مین کون هون بولا رسول
وه بلاشک بند دوزخ سی چهتا
هو گیا دونون جهان سی نامراد
اور کی تصدیق خیر المرسلین
لائی ایمان آپ پر تهی ایکهزار

اور از انجملہ وہ ہی کہ استماع
الف کس کو سیر حضرت نے کیا
کچھہ آیا فرق اوسمین ایک جو
اور از انجملہ وہ ہی انجوش بقا
کر اکٹھا اوسکو تہا جو کچھہ بچا
ساری لشکر کو وہ پاتا پہر طعام
ایک وہ در خدمت خیر البشر
عرض کی میری لئی کیجی دعا
کی دعا حضرت نے یارب کر عطا
ہون فزون کہائی کہلائی عمر بہر
بوہریرہ کہتی ہین گرچہ ثمر
ختم ہونیمین نہ آتی تہی ذرا
کہاتا تہا مین اور کہلاتا تہا ہمیش
قتل عثمان کا ہوا کہتی تہی جب
ایک وہ ہی دعوت اہل صفہ کی
بوہریرہ کہتی ہین مین بار بار
اس لئی بیوین بلاتا مجکو ہی

غزوہ خندق مین تہا جو ایک صاع
اور کہانا زیادہ تر اول سی تہا
کہانا تہا دستور اول تو جو
توشہ لشکر جو تہا آخر ہوا
اوسمین افزائش کی کی حق سی دعا
پہونچا پہر غزوۂ شبر کو بالمرام
بوہریرہ لائی خرما مشت بہر
برکت دی اس چہار و نکین خدا
برکت اس مشت بہر خرما مین تہا
کم نہ ہوتی پائی اوس سی ایک ثمر
لاتا تہا جو لی سی باہر مین نکل
دیدئی کئی وسق در راہ خدا
کم نہ ہوتی تہی مگر ہوتی تہی بیش
برکت اوٹہی ہوئی مفقود سب
ایک پیالہ تہا ثرید اوس پر کری
پیش آتا تہا لعرض سی بکار
یہانتک وہ قوم ساری کہا گئی

اور چہوٹا کچہہ پیالہ مین فرا
کر لکہا آپنے لقمہ بنا
برکت نام خدا سی تو ہی کہا
ہی قسم مجکو خدا کی وہ طعام
ایک وہ جاری ہوا آب زلال
ایک ہزار اور چار سو تہی آدمی
سیر ہوکر سب نی وہ پانی پیا
ایک وہ در خدمت خیر الانام
چاہا اوسمین رکہین اپنی اونگلیان
اوسمین تب چار اونگلی رکہہ سکی یون کہا
سنتر اشتی تن نی کی اوس سی وضو
ایک اونسی وہ ہی در جنگ تبوک
پانی پر وارد ہوے سب خاص و عام
خدمت خیر البشر مین سب نی آ
اوسنی تیر ایک ترکش سی دیا
جب کہ گاڑا تیر اوس پانی مین لا
سب ہوا سیراب لشکر ای نگار

پہلوون مین تہا مگر کچہہ کچ نا
اونگلیون پہ اپنے رکہکر یون کہا
بوہریرہ کہتی ہین یون ہی رسا
سیر ہوکر مینی ہی کہایا تمام
اونگلیون سی آپکی ای خوشخصال
ہو لیا سبکی لئی وہ مکتفی
اور وضو بہی ہر کسینی کر لیا
اوس مین کچہہ پانی تہا لائی ایکجام
لیک گنجائش ہوئی اوسمین نہ ہان
آگی تم سیراب ہو پانی سی تا
اور پیا پانی بہی بس سیراب ہو
پیاسا سب لشکر تہا ای اہل سلوک
تہا وہ پانی ایک کو کافی تمام
اضطراب پیاسکا شکوہ کیا
اور کہا پانیمین ڈوا اسکو گرا
مارکر جوش آب پہر سو بہ چلا
تن ہی گنتی مین تمامی سی ہزار

آپ نی دست مبارک سی کدال
ضرب سی اوسکی وہ تودہ خاک کا
ایک وہ تودہ تہا جو عبد اللہ کا پا
ہوگیا ایکدم مین وہ ایسا درست
اور از انجملہ وہ ہی ایک بہیریا
دور کر آگی ہی اوسکی وہ ہرن
رہگیا باہر حرم کی بہیریا
دیکہکر نوفل ابوسفیان یہ حال
ہو مخاطب اوس سے بہیریے نے کہا
ہی عجب تر اس سی وہ تمکو رسول
ایک وہ ہی سوتی تہی خیر البشر
وقت گذرا عصر کا شیر خدا
جب ملال از حد ہوا روے بشک
آپنے آکر افاقہ مین ز خواب
آپ پر ظاہر کیا جو تہا سبب
باوجود این چہپ گیا تہا آفتاب
جب ہوئی فارغ علی مرتضا

ماری اوس تودہ مین تا بکمر نی ڈال
دم تلک ذرا ریزہ ریزہ ہوگیا
ہاتہ اپنا اوسپہ حضرت نی رکہا
تہا وہ دائم ایسا ہی گویا درست
ایک آہو کی کہین بچہی پڑا
آگیا اندر حرم کی بی محن
پہر تعرض کچہہ نہ آہو سے کیا
لایا دلین کچہہ تعجب کا خیال
رکہتا ہے دلین تعجب اسکا کیا
کرتا ہی دعوت تم اوسکو سبیل
زانو پر حضرت علی کی رکہکی سر
کچہہ نہ بولی پر ادب سی مطلقا
آنکی مونہہ پر گرے قطرات اشک
پوچہا ہی کسواسطہ یہہ اضطراب
کی دعا حضرت نی در درگاہ دست
پہر تہا قد نماز او سمین شتاب
از نماز عصر تب سورج ہٹا

ایک وہ ہی آپ پر کوہ حرا ۔ السلام علیک بولا سنگ بہا
معجزی ہین آپکی لا انتہا ۔ سچ اونکا ہے نہین ممکن ذرا

ہی بیان اسمین سراپا صفت تمام
دو زبانی سی قلم ہوتا ہون وافشا

آپ مین تہا اسقدر حسن و جمال ۔ ہر کمال جسکی آگی تہا زوال
ہی براء عازب کی ہتی سی بیان ۔ دیکہا حضرت کو شب مین عیان
پہنی تہی جب آپنی خیر الورا ۔ حلہ سرخ و لطیف و باضیا
دیکہتا تہا مین سو تہی خیر البشر ۔ گاہ سوی لمعہ نور قمر
ہی قسم ذات خدا کی تہا ۔ لمعہ نور محمد مصطفا
غالب از مہ روشنی ماہ پر ۔ بلکہ تہا نور قمر سی جلوہ گر
اور کف حضرت لطیف و بی نظیر ۔ تہی زیادہ تر ز دیبا و حریر
اور شمیم جسم خیر المرسلین ۔ تہی ز بوی مشک و عنبر خوشترین
جس گلی کو نیچہ سی کرتی تہی گذر ۔ مشک و عنبر ہوتی سر بسر
اور اسی آثار سی پس ماندگان ۔ پہنچتی تا سرور پیغمبران

روایت

اسطرح کرتی روایت ہین انس ۔ آپکی تہی یار و ہمدم ہمنفس
تہی نہ کوتاہ اور نہ قد آور نبی ۔ اوسط القامت تہی محبوب غنی

تھا نہ بیانہ رنگ قامت کی مثال … تھی ملاحت اور صباحت باکمال
نی سفیدی ہی رنگ مین کثرت سی تھی … اور نہ کثرت سی ملیح محض بھی
اور سر پر تھی جو موی عنبرین … تھی نہ سپید ہی اور سپید ہی کہین
معتدل تھا جسم خیر المرسلین … تھی نہ لاغر اور نہ بیغایت سمین
گندمی تھی گرچہ رنگت آپکی … پر ویک سرخی کی پیدا اوس مین تھی

روایت

ہی فرمودہ علی مرتضیٰ … ہین وہی اوصاف جناب مصطفیٰ
تھی رخ انور مین گولائی ذرا … کچھ توسط راستی سی تھا ملا
تھی بہت خوبی کی آنکھین پر سرور … اور درازی مژہ بھی بی قصور
اور خوبی و بزرگی سی تمام … فرق و شانہ کی پیوندای ہمام
اور نہ تھی حضرت کی اکثر تن پہ بال … اور نہ بی موئی کا عالم بھی کمال
تھی کہین مو اور کہین اندام صاف … اور کھنچا سینہ سی مو خط تا بناف
تھی کف دست و کف پای بھی … وہ بزرگی مناسب تھی
اور انگلیان بھی تھین بہت اسلوب تر … خوش خرامی بھی بطرز خوبتر
اور تھی مہر نبوت پر ضیا … درمیان ہر دو دوش مصطفیٰ
اور تھا یہ آپ مین جود و عطا … دینی مین ہرگز نہ کرتے تھے خطا
لہجہ و لب راستی سی تھی بھرے … سے مناسب اونکو جو صادق کہے

تہی عالم خو نہایت شرم قال — دوستو نکو اپنی رکھتی شاد حال

اور حسن خلق ہی مین خیر البشر — رکھتی تہی احسن سی احسن بیشتر

کوئی خوشتر وہ خوبصورت کیا — جیسی نی دیکھا نہ عالم نی سنا

ہی علی ابن ربیعہ کا مقال — تہا تبسم مین توسط ہر محال

روایت

ہی روایت یہ انس سی ایک امر — جس سی ظاہر طبع کا ہوتا ہی طور

یعنی تہا سردار عالم کا مزاج — ایک طرح کی بس ہنسی سی امتزاج

اپنی یاروں سی بحسن اقتراح — کرتی تہی بس سرور عالم مزاح

راستی سی ہوتا تہا پر وہ کلام — جہوت کا مطلق نہین تہا اوسمین نام

روایت

ہی حسن ابن علی سی یہ بیان — ہند ابی ہالہ سی کرتی ہین عیان

اور کرتی ہین حسین مرتضا — باپ سی اپنی بیان دلکشا

وقت استفسار فرمایا مجہی — سن یہ تہا دستور نانا کا تری

گہر مین داخل ہوتی تہی جب مصطفا — رات دن معمول تہا یہ آپکا

تین حصہ کرتی اوقات اپنی سب — ایک حصہ مین عبادت ہر نفس

حصہ ثانی مین حضرت دائما — حق ادا کرتی تہی اہل خانہ کا

تہا جو باقی ایک حصہ تیسرا — وہ برای ذات والا خاص تہا

تا بمقدور اپنی حضرت ذاکہا — سائلو نکلی کرتے تھے حاجت روا
آپ سبکی ساتھ یون تھے مہربان — باپ ہوتی ہی یہ جیسے مہربان

روایت

ہی کلام عائشہ سی یہ بیان — حسن خلق مصطفےٰ مین سن عیان
تھی یہ خو نام خدا بس آپکی — دی بہلا ہر ایک کو شفقت باپکی
ہاتھہ سی اپنی کسیکو زینہار — گاہ حضرت نی نہ مارا ہر کار
نی کبہی خادم کو خدمت کی لئی — نی کبہی عورت کو بجہت کی لئی
اور اگر مارا تو مارا برملا — اپنی حکم خدا سے برخطا
اور تہی یہ آپ مین شرم وحیا — مین کبہی دیکہا نہین ستر آپکا
تہی کمالات اور بہی اسکی سوا — ذات مین حضرت کی کیا ہی انتہا
معجزہ شق القمر کا یک بیک — ہوگیا ظاہر عرب سی ہند تک
راجہ سراندیب نی تصدیق کی — اور مسلمان ہوگیا دل سی قو
ایک حاکم تہا ز حکام دکہن — یعنی راجہ بہوج بی ریب سخن
وقت شب یہ معجزہ در چشم سر — اوسنی بہی دیکہا تماشا جلوہ گر
اور کمال سیر معراجی تمام — اور سواری براق تیز گام
اور گذرنا سدرہ سی تا حد قا — سورہ اسری سی ہی بس کا بیا
اور تاریک وجلی مین پیش وپس — دیکہتی خیر البشر یکسان تہی بس

اور جمائی کا نہ آنا عمر بھر
اور بوی مشک آنا عرق مین
اور بریدہ ناف ہونا آپ کا
اور کلمہ پڑہنا اور کرنا کلام
اور ہونا بول و غائط کا نہان
اور کرنا چاند کا باتین عزیز
اور ملائک کا ہلانا بالدوام
اور ظرف مین آپکی لبس دائما
بیٹھنا مکھی کا کپڑو پر نہ گاہ
آپکا ہم ہونا مرقد مین حیات
اور اوٹھنا آپکا قبل از انام
اور ہونا آپکو با احترام
اور جلو مین آپکی ستر ہزار
اور ہونا آپکا کرسی نشین
اور مشرف ہونا حضرت کا تمام
اور لوا الحمد کا ہونا ہاتھ مین
اور گذرنا سب سے پہلی بالنشاط

اور نہونا محتلم اینخوش سیر
اور شہرہ پانا عمر کو شمر قمین
اور مختون صاف ہونا آپکا
وقت پیدائش کی سجدہ اور سلام
آنا بوی مشک و عنبر اوس مکان
آپ سے با خوش کلامی و تمیز
ہونا حضرت کو بعز و احترام
میل کرنا سایہ اشجار کا
صاف الائش سے ہر شام و نگاہ
اور ادای پنجوقتی وہان صلوٰة
اور افاقہ بہشتی سے دن قیام
لبس سواری براق تیزگام
ہووین کسے دلی بحکم کردگار
عرش اعلی کی عجیبا سوی ہمین
ازشقامی آنکہ شہ محمود نام
اور سب پیغمبر ہوون ساتھ مین
مثل برق خاطفہ از پل صراط

آپ مین لیکن شہادتکا کمال | رہگیا باقی یہ تصدیق این مقال

وددت انی اقتل فی سبیل اللہ ثم احیی ثم اقتل ثم احیی ثم اقتل ؞ ؞ ؞ ؞

قتل کا خواہان ہون در راہ خدا | زندہ ہوکر پہر کردن جانکو فدا
قتل ہووی پہر دوبارہ و گر | زندہ ہوکر پہر سہی مین کشتہ اوس
جو نہو تا اس شہادتکا حصول | بی سبب امکان نرکہتا تہا رسول
پیس بکشف راز این اسرار تام | ذکر کرتا ہون متانت سی کلام

والسر فی عدم حصولہا لہ بنفسہ صلی اللہ علیہ وسلم انہ لو استشہد فی الحرب لادی ذالک الی کسر شوکۃ الاسلام واختلال الدین فی نظر العوام

اور نہ حاصل ہونیکا یہ بہید تہا | ہو ورود حق بذات مصطفا
جنگ کی میدان مین گر ہوتی شہید | تو ہرآئینہ بلاشک ای سعید
شوکت اسلام پاتی اختلال | عام کی نظرون مین یہ کرکی خیال
بہی ہوتی تو زدست کافران | ماری جاتے کب باین تمکینشان
کیا نہین معلوم ہی تجکو یہ حال | کہ بنا شیطان بی شکل جلال
اس سخن بی مغز کا شہرہ دیا | چار سو جنگ احد مین جا بجا

قتل احمد ہوگیا آگاہ ہو / رنج سب جاتی رہے تم خوش رہو

پس ہی کیا کیا حیص و بیص ای نیکخو / لشکر اسلام مین آئی نہو

کو فنا ہی وہ تفرق انتشار / لشکر نصرت مین پایا ہونہ بار

جب کہ اس مضمون کذب آمیز سے / اور کلام مفسدہ انگیز سے

تہوڑی ہی فرصت مین بیحد و حساب / پہر گیا ہو اسطرحکا انقلاب

فتح و نصرت کا قضیہ منعکس / ہو ہزیمت کی طرف ایخوش نفس

پس مطابق واقعہ کو کر قیاس / کار پہونچا وہی کہانتک بی اساس

ولو استشہد غیلۃ و سرا کما وقع لبعض خلفائہ لم یشتہر امر شہادتہ

اور جو چپکی ہوتی ناگہان / تو شہادت آپکی رہتی نہان

جسطرح اکثر خلیفہ آپکے / باشہادت ہوی جنت چل بسے

ہی مراد اکثر خلیفون سی یہی / حضرت فاروق و عثمان و علی

کار و عمر سے ہوا چاک جگر خامہ کا
پہر زبان آیا عمر کی جو شہادۃ کا بیان

کہتی ہین یون راویان وقت سحر / مسجد نبوی مین آ حضرت عمر

لگی اول مشغول ہوی بی نماز / پیش ہوسکو پڑہاتی تہی نماز

تاکہ فیروز مجوسی نی کہ تہا / انتظار فرصت اپنی کار کا

پہلی تھا جو وقت مشغول صلوت — کار دو دوسری یہ کی واردات
پیٹ پر دو تین ضربین تمام کی — رخنہ ڈالا سلطنت مین اسلام کی
زخم کاری کہا کی پہونچی عمر — صبر کر اور سچا خدا کی نام پر
اور خلیفہ کر دیا اوس وقت سی — عبدرحمٰن کو امامت کی لئی
اوٹھا کی وہان سی اپنی گھر لیگئی — ہر کہ وہ کو وصیت کی بلا
تیسری دن روز تھا اتوار کا — غرہ ماہ محرم کو کیا
اس جہان سی سوی جنت انتقال — ہجرت نبوی سی تھی چوبیس سال

روایت

کہتی ہین یہ راویان خوش نسب — آگی ہی یہ شہادت کا سبب
تھا کوئی ایک شخص بو لولو بنام — یعنی فیروز مجوسی تیرہ کام
ایک نی حضرت عمر کی پاس آ — یون شکایت اوسکی کی بر ملا
ہی جو بو لولو مغیرہ کا غلام — کیا کہون حضرت کیا جو اوسی کام
مین نی ایک کافر کو مارا جنگ مین — اور یہ بھی تھا ہماری سنگ مین
مین نی گہوڑی سی اوتر جا پایا کا — اوسکا سب اسباب لوٹنی او تا
اس ابو لولو نی یا حضرت عمر — مجھسی پہلی ہی زرہ لی دور کر
گر مرا حق ہی تو مجھکو دو دلا — ورنہ جنہین آپکی ہووے رضا
یون ابو لولو سے بلوا کر کہا — تو نی کچھہ اس شخص کا دعوی سنا

ہی بلاشک مارنیوالی کا حق — مدعی ہی اس زرہ کا مستحق

اسی ابولولو زرہ وے اسکی پہیر — دیکہنا ہرگز نہ ہونی پائی دیر

گرچہ اوسنی اس زرہ کو پہیر دے — پر گرہ دلمین عداوت کی پری

اور لگا رکہنی عمر سے دلمین کین — اپنی کج فہمی سے وہ ناحق گزین

آخر اکدن وہ لعین وقت سحر — آیا اپنی گہر سے خنجر باندہ کر

اور صف ثانی مین بیٹہا تاکار — جیکی سی مطلب کا اپنی انتظار

جب نماز حق لگی پڑہنی عمر — اوسنی خنجر تین ماری پیٹ پر

کر دیا سینی سی لی تا ناف چاک — صبر کر بیٹہی پدرد دردناک

پہلا زخمہ یہی ہی اسلام کا — ڈالا اس ملعون بولولو نے وا

آپنی فرمایا دیکہو لو خبر — کون یہ جاتا ہے مجکو مار کر

جب کہ دیکہا ہی ابولولو شقی — یون کہا الحمد للہ القوی

نی کسی کی ہاتہہ سی مرتا ہوا — میرا جہگڑا اس مسلمان سی ہوا

اور ہی شکر خدا کی داد کر — مین نی جان دی امر بالمعروف پر

جبکہ بولولو وہان پر گہر گیا — آدمی دس اور ماری کر جفا

پہر شکم مین اپنی خنجر مار کر — مر گیا وہ آپ ہی شوریدہ سر

اپنی سنکر کیا شکر خدا — کوئی نہ میری واسطہ مارا گیا

آپ ہی وہ مر گیا تیرہ دروں — اپنی ہاتہون آپ اپنا کر کی خون

یہ ہی سب شرح مشارق مین لکہا
پہلی تاریخ محرم کو عمر
زخم آیا یہ کہی دن چہبیسوین
تیسری دن جمعہ کو پائی وفات
غسل دی حضرت علی نی دی دعا
اپنا سا چہوڑا انکو نی میرا حبیب
ہی قسم رب کی سچی ہی یہ یقین
سر اور پان راست مین وہ نیک دم
لنبا قد تہا سرخ چہرہ ہیر پیرا
آپ مین پوری تہین یہ گیارہ صفت
اور تواضع ہم کرامات و سخا
اور توکل اور ریاضت بی شمار
آپکی حق مین یہ حضرت نی کہا
گہی پہنا کپڑا نیا تو ای سعید
اور یہہ تہی کہہ گئی خیر البشر
اور یہ ہی کہتی تہی خیر البشر
اور الحق منطق ہی مصطفا

جاہی شک اسمین نہین ہی مطلقا
تہی ہویدا اسن از روی خبر
ماہ ذی الحجہ مین تو کر اسکو یقین
سن تہی چوبیس ہجری اور تہی چاند پڑا
رحمت حق تجہپہ ہووے دائما
ہو ملاقات خدا جس سے نصیب
دونون اپنی یارون پاس ہم دفین
گرتی ہین یہ آپکا حلیہ رقم
سیدہی داڑہی سرخ آنکہین ہیر ضیا
زہد و تقوی صبر او سکینت
اور مجاہدہ اور ہم خوف خدا
اور خلق ازبس نہایت دیندار
دیکہہ البس جدیدا دائما
اور جیا جی کو اور مر تو شہید
گہہ سراج اہل جنت ہی عمر
بہاگی ہے شیطان از ظل عمر
کہتی تہی حق مین عمر کی ای ولا

بیری پیچھی کوئی گر ہوتا نبی — تو ہر آئینہ عمر ہوتا نبی
اور سوا اسکی بہت کچھ ہی کہا — اس جگہہ سب ہو سکی نہ کو کہا
اونکی مرضی کی موافق خود خدا — بھیجی تہا احکام نزد مصطفا

ہوتا ہی چاک جگر تیغ الم سی اپنا
آیا نہ کو شہادتکا جو عثمانکی بیان

اور عثمانکی شہادتکا بیان — کرتی ہین یون ذکر مجمل راویان
روز جمعہ یعنی عید المؤمنین — اور یہ ذی الحجہ کی تہی اٹھارہوین
آپ گہر بعد از نماز جمعہ کی — تہی تلاوت مین کلام اللہ کی
چند کس از شور بختان جہان — یعنی مصری تیرہ رو بلوائیان
بام ہمسایہ سی کودی یکی تیغ — عین مشغولی مین مارا بیدریغ
پونہچی تہی نوبت باین آیہ کبیر — فسیکفیکہم اللہ تا اخیر
سرخی خون آپکی ای نیکنام — ہو گئی شنجرف آیۃ کی تمام
باوجود انقراض از مدتہ — اور مرور ایام با یوم و سنہ
اوس کلام اللہ مین ای دلفروز — خون کی آثار باقی ہین ہنوز
سانحہ عثمان کی خون کا نسکا آہ — ایک آیۃ ہی ز آیات اللہ
اوسکی ہی تفسیر باخوبی عیان — ہی نہین محتاج شرح و ہم بیان

روایت

قتل عثمان کی بڑی ہی داستان / مختصر کچھ اوسکا کرتا ہون بیان
تھا جو عبد اللہ نام ابن سبا / عالم توریت اور انجیل کا
اوسکی دل مین تھا یہ کینہ روز و شب / اور اوٹھاتا تھا بہت رنج و تعب
جبکہ شہر مصر کو فتح ایولا / وقت مین فاروق اعظم کی کیا
اوسکی ہمقوم قبیلہ سی زبان / یکسری آگئی تھین مسلمانونکی ہان
شرم اور غیرت کی مارے وہ عدو / دشمنی سی ہو رہا تھا مدعی
دہوم جسدم پڑ گئی اسلام کی / ہر طرف مین تب یہ سنکر دوڑ کی
بس تقیہ سی مسلمان ہو گیا / حضرت عثمان عفان پاس آ
اور پنہان اس عداوت مین رہا / والئی فتنہ کیسی ڈہب سی بڑا
تا خلل پڑ جای ان کی کام مین / اور نقصان رتبہ اسلام مین
آخرش بہکا کی صدہا مردمان / دشمن عثمان بنائی بیگمان
یہانتلک بلوہ ہوا چارو طرف / باندہ باندہ آنی لگا ہر ایک صف
کہتی تھی مروان کو دین انکیہاتھ آپ / یا خلافت سی کرین انکار آپ
آپ کہتی تھی کہ حضرت نی کہا / صرای عثمان کیجو جب بڑا
دین کی ٹکو زرہ مردم پہنہا / چاہین پہر سوین اوتار الہہا
تم نہ سنیو اس سخن کو زینہار / اور زرہ بہی تم نہ کیجو زینہار
تب اونہون نی بند پانی کر دیا / خوف حق دلمین نہ لائی مطلقا

اور نماز صبح گھر مین پڑھتی تھے
بوہریرہ گاہ عبداللہ کو
گو کہ حیدر نی ہٹایا بار بار
ہر طرف تھا شور بلبوؤنکا ہجوم
شبر و شبیر کو لاچار ہو
بھیجا دروازہ پہ تھا حاضر مین
اور بھی انکی ہوئی ہمراہ یار
اور مدینہ والون انصار نی بھی
اور عمر نی اور عبداللہ نی بھی
اور قسم دیکر یہ دی سبکو صلاح
مین نہین چاہتا کہ میری واسطی
سیاہ تلک تھی چار سو گھر کی غلام
چودھوین دن جمعہ کو وقت سحر
گو دہانگی قتل کر کی سب کے سب
شبر و شبیر و دیگر مردمان
گھر کی اندر آئی سن شور شدید
سنکی حیدر آئی اور ہو کر خفا

خوف سی مسجد مین آسکتی نہ تھی
دیتی تھی اذن امامت اسی کو
پھر نہ اوس جا سے ہٹتی وہ زنہار
مفسدہ کی ایک اوتھار کھی تھی وہ قوم
حضرت عثمان کی حفظ انکو
ہر طرح سی حافظ و ناظر رہے ہین
تا حفاظت مین ہین لیل و نہار
چاہتا ہین مار کر انکو ابھی
پھر کسیکو آپ نی رخصت نہ دی
تم نہ میری واسطہ باندھو سلاح
مارے جائین آدمی پھر واسطی
اونکی بھی ہتھیار کھلوائی تمام
جا پڑی لوگ آپکی گھر مین بشر
گھر کی اندر پڑ گیا شور و شغب
و سب تھی عثمان کی جو پاسبان
اور دیکھا ہو گئی عثمان شہید
شبر و شبیر کو مارا کہ وا

کیا کیا تہا اسلئی تمکو تعین
بیچ مین پیر کی لوگون نی کہا
اسمین کچہہ انکی خطا ہر گز نہین
جب ہوئی پیدا تہی عثمان جلیل
عمر تہی انکی بیاسی سال کی
لنبا قد تہا رنگ تہا سرخ سفید
اور داڑہی تہی دراز اور چوڑی بہت
بازوون پہ بہر رہی تہی اور بال
انکی سر پر تہی نہ بال انکو تہی لقب
سلک دندان تہی نہایت خوشنما
کانونکی لو تک پہری تہی سر کی بال
اور پہلا ہی یہ وہ سوی مقبت
تہی سعید اور حلیم اور پر حیا
اور صائم اور شب بیدار تہی
خائف از خوف خدا قران خوان
ہی نہین اسمین کسیکو قیل و قال
کی تہی عثمان سی کسینی ایکروز

ساتہہ عثمان کی ہوئی تم کیون نہین
منع تہا عثمان نی انکو کر دیا
راست سمجہین آپ اوسکبہی یقین
ساتوان تہا سال از اصحاب جلیل
رحلت اس دار فنا سی جب کری
وانع چیچک روپہ خوشنما بان و بہ
بہاری بہاری تہی نہایت دلپسند
سیاہ و سپید تہا موی سر کال
کہتی ہین جسکو کہ اضلع در عرب
خوبصورت ایسی وہ ہی بہا
یوسف ثانی تہی در حسن و جمال
اور جدا اپنی شہر سی کنبہ سمیت
اور سخی قاری نمازی پارسا
روز و شب درگاہ حق مین نیاز تہی
اور بکار جنگ یکتای زمان
کی خلافت بارہ دن کم بارہ سال
بی ادب ہوکر کلام سیدہ دوز

پہلی گئی تھی عقد میں وہ مر گیا / کی نماز اوسپہ حضرت نے ادا

یوں کہا کرتی تھی فخر الانبیا / میں نے بیٹی اپنی از حکم خدا

عقد میں عثمان کی دی دلشاد ہو / دوسری بھی بیٹی دی دختر نکو

ہوتی گر بیٹی جو میری تیسری / عقد میں عثمان کی دیتا اوسکو بھی

جب لیا عثمان نے رومہ کا کوا / فی سبیل اللہ اوسکو کر دیا

تب نبی نے آپکی تحسین کہا / اوسکی مالک کو ہو جنت دائما

اور لشکر کی لئی حضرت کی پاس / سارے ہی نو سو اونٹ اور گھوڑے پچاس

اور روپے بھی لاساہی تین ہزار / کہتی تھی خیر الوریٰ یوں بار بار

کر تو بخشش بہر عثمان ای خدا / میں ہوں راضی تو بھی خوش ہو دا

کہتی تھی اپنا رفیق عثمان کو / جنت عالی میں دیکھا اس شہا نکو

سانحہ یہ حضرت عثمان کا / درحقیقت شک نہیں ہی مطلقا

ہی ہراول کربلا کی درد کا / اور مصیبت کا نمونہ اوسکی [illegible]

دوسرا رخنہ ہے یہ اسلام میں / ہو گیا فتنہ خواص و عام میں

آیا لب پر جو شہادتکا علی کی مذکور
خامہ خونجگر و لبی یون اچکا مشتاک میں

کہتی ہیں یوں راوی پاک دین / صبح کو اوٹھکر امیر المومنین

مسجد کوفہ میں گھر سی جاتی تہ / حسب عادت آتی تھی بہر نماز

تیرگی شب مین گہسی دائما ... کوفہ کی مسجد مین جاتی مرتضیٰ
مردم خوابیدہ کو دیکر اذان ... کرتے تہے آگاہ باتوقیر و شان
ہو گی تا بیدار ہر پاکیزہ خو ... ہوئے مشغول طہارت اور وضو
حسب عادت ایکدن شیر خدا ... درسی مسجد کی در آئی باصفا
ابن ملجم اہل ملعون نی نہان ... آکی پیچہی سی ستون کی ناگہان
سر پہ ماری تیغ زہر آلودہ آہ ... ہو گیا دونون جہان مین روسیاہ
زخم کاری گرچہ کچہہ ایسا نہ تہا ... زہر لیکن کام اپنا کر گیا
پہونچی یہ نوبت علی ذیشان تکی ... جمعہ کو اونیسوین (19) رمضان تکی
روز شنبہ کو رہی زندہ علی ... خلد کی اتوار کی دن راہ لی
سال ہجری کہتی ہین چالیس تہے ... کوچ اس دنیاء دون سی کر گئے
اور تہا قطع خلافت کا زمان ... ہی خلافت یہان نبوت کی بیان

روایت

مجملا تہا ذکر یہ کہتی ہین اب ... آپ کی یہہ ہی شہادت کا سبب
عبد رحمن ابن ملجم بد شعار ... خارجی مذہب تہا ملعون نابکار
جبکہ وہ کوفہ مین آیا بد گہر ... ایک عورت پر پڑی اوسکی نظر
تہی حسینہ نام تہا اوسکا قطام ... ہو گیا اوس زنکا بجان اوسکے رام
اور وہ بہی رکہتی تہی مذہب یہی ... تہا یہ جیسا ابن ملجم دوزخی

کیونکہ سب اسوقت مین ہی اعتنا ۔ تشنگان امت خیر الورا
ہوتی تہی سیراب اسی چشمہ سی سب ۔ اور کی رکہتی نہ تہی ہرگز ہوس
ظاہر و باطن کی ہر حاجتین تہی ۔ اسکو ذات پاک حیدر ملتفی
خاتم الخلفا تہی ذات مرتضا ۔ اور مشابہ ذات ختم الانبیا
بس ہی ایسی و تحقین یہ قتل کیا ۔ کل گویا شمع ہدایت کو کیا
اور کیا اللہ کی حق کو تلف ۔ اور سب امت کی ہی حق کو تلف
یعنی ایسی ذات کو کر کی ہلاک ۔ اپنا ثانی رکہنی سی تہی جو کہ پاک
ساری امتکو پریشان یون کیا ۔ حال ہو جون فوج بی سردار کا
وہ ہی آخر گندہ دوزخ ہوا ۔ روسیاہ ہو کر کی دنیا سی او تہا
اور یہ قتل علی مرتضا ۔ تیسر اسلام مین رخنہ پڑا
پڑ گیا ضعف اسقدر اسلام مین ۔ کہ تنزل آگیا ہر کام مین
کہتا ہی پوراوی فرخندہ پی ۔ مرتضی کا بالیقین حلیہ یہی
قد میانہ لنبی داڑہی ناف تک ۔ چوڑی چکلی تہنسی فربہ غیر شک
سرخی مائل گندم اتہا رنگ تن ۔ پیٹ اور آنکہین کلان چوڑا اون
بیشی چہرہ کی چمک تہی اسقدر ۔ دیکہہ سکتا تہا نہ کوئی از چشم سر
اور نہ تہی بال آگی سر پر آپ کی ۔ اور نہایت آپ خوش رفتار تہے
تہا نشہادت کا حصول المختصر ۔ درمیان ان صورتونکی مختصر

یعنی کفار ونسی کرکی کارزار
یا یکایک چپکی چپکی ناگہان
اولین تقدیر پر بنمے عمل
ہوتا درہم و بیکا سب انتظام
اور بر تقدیر ثانی ای ودود

از رہ اعلان پاتی اشتہار
آپکو ہوتی شہادت بیگمان
شوکت اسلام مین آتا خلل
پوچھتا کوئی نہ از خاص و عوام
پاتی شہرت شہادت باشہود

بل والکمت الشہادۃ لان تمام الشہادۃ ان
یقتل الرجل فی الغربۃ والکربۃ وان یعقر
جوادہ و یلقی جثتہ مطروحۃ و یقتل حولہ
جمع کثیر من اعزۃ اصحابہ و اقاربہ و
ان ینہب مالہ و ان توسر نسائہ و ایتامہ
کل ذلک فی ذات اللہ تعالی

بل نہ ہوتی یہ شہادتہا ہی تمام
غربت و کربت مین ہو قتل آدمی
اور رہی لاش اوسکی میدان مین پڑی
قتل ہون یار و عزیز و اقربا
اور اسیر بند ہووین اوسکی ہان
اور مصیبت و درد و مصائب اور بلا

کیونکہ ہے پوری شہادت اسکا نام
کوچین کافی جاوین اوسکی اسپ بھی
اور بہت سی اوسکی گرداگرد
اور لوٹا جاوی مال و شخص کا
آہ طفلان یتیم و بی بیان
صرف ہون بہر رضای کبریا

اسمین تخصیص شہادت کا ہی سبطین کو
بہر تکمیل کمالات حبیب یزدان

جو کیا چاہی ہی رب العالمین	جمع کرتا ہے سبب اوسکا وہین
پہونچی کب وہان طائر فہم وخیال	ہی اگر وہ تند پیہ سست بال
اپنی کاموں کی اوسیکو ہی خبر	ہی برون از حیطہ علم بشر
جو کہ ہونا اس شہادت کا حصول	ذات پاک مصطفی مین بالاصول
بی سبب بی واسطہ ممکن نہ تہا	مقتضی ہو کارسازی خدا

فاقتضت حکمۃ اللہ تعالی ان یلحق ہذا الکمال العظیم بسائر کمالاتہ بعد وفاتہ وانقضاء ایام خلافتہ التی تنافی المغلوبیۃ والمظلومیۃ برجال من اہل بیتہ بل باقرب اقاربہ واعز اولادہ ومن یکون فی حکم ابنائہ حتی یلحق حالہم بحالہ ویندرج کمالہم فی کمالہ

یوں ہوئی ملجا براپہی کمال	باکمالات حبیب لایزال
آپکی بعد از وفات ای حق شناس	اور خلافت کی گذری یہ لباس
تہی خلافت تکملہ دین متین	کسر شان اوسکی تہی تحصیل بالیقین
کہ نہین ہرگز مناسب لاکلام	اوسکی مغلوبی ومظلومی تمام

واسطی بہی بعض اہل بیت کی
بل کیا اوس شخص کی ہو واسطے

جو بہت ہی ہووے حضرت انکا نجیب
اور عزیز جان و اولاد حبیب

اور جو ہوا آکی بیتون کی جا
بنت ان بیتون کی ہووے ہی رہا

تاکہ حال آوے انکا بحال مصطفا
مل کی ہوجاوے تمامی ایکسا

اور داخل ہو کمال اونکا تمام
در کمال حضرت خیر الانام

فتوجهت عناية الله تعالى بعد انقضا
ايام الخلافة الى هذا الالحاق

پس ہوی متوجہ یون مہر خدا
دن خلافت کا ہوا جب انقضا

سوی این الحاق و سوی ذات رسول
تاکہ ہووے یہی کمال اونکو حصول

اور ہو تکمیل کامل بی گمان
پہر رہی باقی کمال و نمین ہان

فاستنابت الحسنين عليهما السلام مناب
جدهما عليه افضل الصلوات والتحيات وجعلهما
مرأتين لملاحظته وخدين لجماله

پس کیا حسنین کو با احترام
اونکی نانا کی جگہہ قائم مقام

اونپہ ہووے رحمة و فضل و درود
دائما از حضرت رب ودود

اور کیا دونونکو مرآت کمال
